پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

28فروری2020

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ1949(اے اے سی ایس) کی سیکشن35A کے تحت ہدایات
روپی کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، پونہ، مہاراشٹر

روپی کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، پونہ، مہاراشٹر کو ریزروبینک نے اپنے21فروری2013 کے ڈائریکٹو یو بی ڈی، سی او، بی ایس ڈی، آئی نمبر۔D-28/12.22.218/2012-13 کے ذریعہ22فروری2013 کو کام کے اوقات کے بعد سے پابندیوں (ہدایات) کے تحت رکھا تھا، ان ہدایات کی ویلیڈٹی کو وقتاً فوقتاً بعد کے ڈائریکٹو کے ذریعہ بڑھایا جاتا رہا، پچھلی توسیع 20 نومبر،2019 کے ڈائریکٹو ڈی او آر، اے آئی ڈی نمبر۔D-40/12.22.218/2019-20 کے ذریعہ نظرثانی کی شرط کے ساتھ29فروری2019 تک کیلئے کی گئی تھی۔

2. اب عوام کی جانکاری کیلئے مطلع کیا جاتا ہے کہ ریزروبینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ1949 کے سیکشن35A کی ذیلی سیکشن (I) جس کو سیکشن56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ حکم دیا ہے کہ21فروری2013 کی یوبی ڈی، سی او، بی ایس ڈی، آئی نمبر۔D-28/12.22.218/2012-13 جس میں وقتاً فوقتاً ترمیمات کی جاتی رہی ہیں اور جو مندرجہ بالا بینک کو جاری کی جاتی رہی ہیں اور اس کی ویلیڈٹی کو آخری بار29فروری2020 تک بڑھایا گیا تھا، یہ ہدایات مزید3ماہ کیلئے یعنی یکم مارچ2020 سے31مئی2020 تک اس بینک پر ویسے ہی لاگو رہیں گی۔ توسیع نظرثانی کی شرط کے ساتھ26فروری2020 کی ڈائریکٹو ڈی او آر، اے آئی ڈی نمبر D-5/12.22.218/2019-20 کے ذریعہ کی گئی ہے۔ حوالہ جات ڈائریکٹو کی سبھی دیگر شرائط ویسے ہی رہیں گی، ان میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

3. 26فروری2020 کی ڈائریکٹو جس میں مندرجہ ذیل توسیع کا ذکر کیا گیا ہے کی ایک کاپی عوام کی جانکاری کیلئے بینک احاطہ میں مظاہرہ کیلئے رکھ دی جائے۔

4. مندرجہ بالا توسیع راور یا ترمیمات کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہے کہ ریزروبینک آف انڈیا اس بینک کی مالیاتی حالت میں سدھار سے مطمئن ہے۔

یوگیش دیال
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز2019-2020/2003